(78)

PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis-I(R)/2015/10024-25
Dated Peshawar, the 24 /04/2015.

To,

1. The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
   Energy and Power Department.
2. The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
   Inter Provincial Coordination Department

Subject: **JOINT RESOLUTION NO. 682 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on 23-04-2015 has passed **unanimously** the following Joint Resolution No. **682** moved by Mr. Muhammad Atif, Minister for Elementary and Secondary Education, Khyber Pakhtunkhwa, Mr. Habib-ur-Rehman, Minister for Zakat & Ushr, Auqaf, Hajj and Religious Affairs, Khyber Pakhtunkhwa, Mr. Abdul Munim, Special Assistant for Industries and, Commerce, Khyber Pakhtunkhwa, Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao, Mufti Syed Janan, Raja Faisal Zaman, Mr. Ahmad Khan Bahadar and Ms. Anisa Zeb Tahirkheli, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

یہ صوبائی اسمبلی وفاقی حکومت کی وزارت پٹرولیم وقدرتی وسائل سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 161(1) (ب) پر عمل درآمد کے لئے خام تیل پر فیڈرل آئل ایکسائز ڈیوٹی نافذ کرنے کی خاطر فی الفور نوٹیفیکیشن جاری کرے تاکہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (OGRA) اسے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے فارمولا میں شامل کرے جس کے بعد وفاقی حکومت دیگر تمام قانونی تقاضے پورے کرکے اس آئینی شق پر فوری طور پر عمل درآمد کرے۔

اسمبلی یہ بھی مطالبہ کرتی ہے کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 158 کے تحت صوبہ میں پیدا ہونے والی قدرتی گیس کو حکومت خیبر پختونخوا کی صوابدید پر فراہم کیا جائے تاکہ وہ اپنی طے کردہ ترجیحات کے مطابق استعمال کر سکے جس سے صوبہ بہتر ترقی کی جانب گامزن ہو سکے گا علاوہ ازیں 100 ملین مکعب فٹ گیس بھی پرائیویٹ پاور انفراسٹرکچر بورڈ (PPIB) کے حوالہ کرنے کی بجائے صوبائی حکومت کے حوالہ کیا جائے تاکہ وہ 800 میگاواٹ کے تھرمل پاور پلانٹ لگا کر بجلی پیدا کر سکے جو کہ صوبہ میں لوڈ شیڈنگ سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے انتہائی اہم ہے

اسمبلی یہ بھی مطالبہ کرتی ہے کہ برآمد کردہ قدرتی مایہ گیس Imported LNG میں سے 14.82٪ کے حساب سے حکومت خیبر پختونخوا کو فراہم کیا جائے جو کہ صوبہ کا حق ہے تاکہ صوبہ میں ترقی کی رفتار کو تیز تر کیا جا سکے۔

اسمبلی یہ بھی مطالبہ کرتی ہے کہ وفاقی حکومت سوئی نادرن گیس پائپ لائنز (SNGPL) کے ادارے کو فوری احکامات صادر کرے کہ وہ صوبہ میں گیس کی میٹرز کی تنصیب کو یقینی بنائے خاص طور پر کرک، کوہاٹ اور ہنگو کے اضلاع کے لئے یہ انتہائی ضروری ہیں۔

Yours faithfully,

(MUHAMMAD YOUNAS)
Assistant Secretary-II
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa